اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# جدول میں طے شدہ کام کرنے کے فوائد اور نہ کرنے کے نقصانات

## پیشگی جدول کی اطلاع کرنا:۔

- جدول بنانے کے بعد سب سے اہم کام اس کی متعلقہ ذمہ داران کو پیشگی اطلاع کرنا ہے۔
- پیشگی جدول اپنے نگران کو ضرور بھیجیں یہ ہمیں دینی کاموں کا پابند کرے گا۔ (مدنی مشورہ مرکزی مجلس شوری اگست 2015)
- اگر ہم دنیا میں پیشگی اطلاعات کا نظام دیکھیں تو ہمیں کئ قدرتی معاملات کی بھی پہلے سے اطلاع ہو جاتی ہے، جیسے بارش برسنے کی اطلاع، سمندری طوفان کی اطلاع اور موسم کے تبدیل ہونے کی اطلاع، ان معاملات کی پیشگی اطلاع ہونے سے ہم ذہنی طور پر تیار ہو جاتے ہیں۔اور بعض اوقات کئ ممکنہ نقصانات سے بچ جاتے ہیں۔

## جدول کی پیشگی اطلاع کرنے کے فوائد

- جدول کی اطلاع کرنے سے ہم جدول پر جانے کے پابند ہو جائیں گے اور احساسِ ذمہ داری پیدا ہو گا۔
- ہمارے ماتحت ذمہ داران ہمارے پیشگی جدول کے مطابق تیاری کر سکیں گے۔
- مدنی مشورہ کی پیشگی اطلاع ہونے سے شرکاء اپنی مصروفیت سے فارغ ہو کر دل جمعی سے مدنی مشورہ میں شرکت کر سکیں گے۔
- وقت کا درست استعمال ہو سکے گا۔
- مدنی مرکز کے اہداف بروقت مکمل ہو سکیں گے۔

## جدول کی اطلاع نہ کرنے کے نقصانات

- جہاں جارہے ہیں ممکن ہے کہ وہ ذہنی طور پر اس کام کے لئے تیار نہ ہو، اور ہاتھوں ہاتھ جدول بنانے سے مطلوبہ فوائد حاصل نہ ہوں۔
- بغیر اطلاع کے جانے سے اگر متعلقہ ذمہ دار رخصت پر ہوں/جدول تبدیل ہوا تو سفری اخراجات، جسمانی تھکاوٹ اور وقت کا بھی ضیاع ہو گا اور مطلوبہ فوائد بھی حاصل نہیں ہو سکیں گے۔
- جس دینی کام کے لئے ہم پیشگی اطلاع کئے بغیر جارہے ہیں اس دینی کام کی تکمیل بظاہر مشکل ہے۔
- بغیر پیشگی اطلاع کے جانے سے ذہنی ہم آہنگی میں کمی ہو سکتی ہے۔

## دوران جدول سفر زیادہ ہونا

- جدول بناتے وقت اس بات کو مد نظر رکھیں کہ جدول میں زیادہ وقت دینی کاموں کو ملے اس کے لئے ضروری ہے کہ دوران جدول سفر کم ہو۔

## دوران جدول سفر کم ہونے کے فوائد

- سفر کم ہونے سے زیادہ وقت دینی کاموں کو ملے گا۔اور کابینہ / شعبہ ترقی کرے گا۔
- زیادہ وقت ذمہ داران کے ساتھ گزرنے سے ان کے مسائل جلد حل ہو سکتے ہیں۔
- سفری اخراجات کم ہوں گے۔
- جسمانی تھکاوٹ کم ہو گی۔

## جدول میں زیادہ سفر ہونے کے نقصانات

- مالِ وقف کا استعمال سفری اخراجات کی صورت میں ہو گا۔
- دینی کاموں کو وقت کم ملے گا۔جو کہ شعبہ/کابینہ کے لئے نقصان دہ ہے۔
- زیادہ سفر ہونے سے جسم تھکاوٹ کا شکار ہو گا۔جو کہ صحت کے لئے نقصان دہ ہے۔

## جدول کے کاموں کو تفصیل سے تحریر کرنا

پیشگی / عملی جدول تحریر کرتے وقت کئے گئے کاموں کو تفصیل سے تحریر کریں ،تاکہ مدنی مرکز آپ کی کی گئ کوششوں سے اپ ڈیٹ ہو سکے۔مثلاً مدنی مشورہ کیا تو اس طرح تحریر فرمائیں کہ مدنی مشورہ کس سطح کا، مدنی مشورہ کا مقام ، مدنی مشورہ کب سے کب تک، شرکاء کون اور کتنے ، آپ کی شرکت کب سے کب تک ہوئی ، اسی طرح شخصیات سے ملاقاتیں کس مقام پر کیں ، کس مقصد کے لئے کیں اور کب سے کب تک کیں ۔۔۔ وغیرہ

## عملی جدول کی تفصیل تحریر کرنے کے فوائد

- ہمارے وقتِ اجارہ میں ہونے والے کاموں کی تفصیل کا علم ہو گا۔
- ہمارا مدنی مرکز ہماری کوششوں سے اپ ڈیٹ ہو سکے گا۔
- ہماری کوششوں کو دیکھ کر ہمارے نگران کا اعتماد بڑھے گا۔

- ہمارے ماتحت اسلامی بھائی ہمارا جدول دیکھ کر ترغیب حاصل کریں گے۔

## عملی جدول کی تفصیل تحریر نہ کرنے کے نقصانات

- ہمارا مدنی مرکز ہماری کوششوں سے اپ ڈیٹ نہیں ہوسکے گا۔
- ہمارے تحریر کردہ جدول پر کارکردگی کا خلاصہ بنایا جاتا ہے، تحریر کئے بغیر مدنی مرکز ہمارے کاموں سے اپڈیٹ نہیں ہوگا جسکی وجہ سے کارکردگی کے خلاصے کی کیفیت کمزور ہوسکتی ہے۔
- جدول کی تفصیل تحریر نہ کرنے سے بعض اوقات خود بھی یاد نہیں رہتا کہ ہم نے فلاں دن کیا کیا کام کئے۔
- ہمارے وقتِ اجارہ میں ہونے والے کاموں کی تفصیل کا علم نہیں ہوگا۔ جس سے بدگمانی پیدا ہوسکتی ہے۔

## جدول کی تبدیلی

جدول بنانے سے قبل اپنی کابینہ / شعبہ کے معاملات کو مدنظر رکھ کر نگران کی مشاورت سے جدول بنائیں تاکہ حتی الامکان جدول میں تبدیلی کم سے کم ہو، اور نگران کی اجازت سے تبدیل شدہ جدول کی اطلاع شعبہ جدول کو بھی ہو۔

## جدول میں تبدیلی نہ ہونے کے فوائد

- طے شدہ کام طے شدہ وقت پر پورے ہوسکتے ہیں۔
- اہداف مکمل ہونے سے شعبہ اور کابینہ ترقی کرے گی۔
- جدول میں تبدیلی نہ کرنے سے ہمارے ماتحت کا ہم پر اعتماد بڑھے گا۔
- ہمارے جدول سے مدنی مرکز اپڈیٹ رہے گا۔

## بلاوجہ جدول تبدیل کرنے کے نقصانات

- اچانک تبدیلی پر جہاں ہم جارہے ہیں، وہاں تیاری نہ ہونے کی صورت میں دینی کام نہیں ہوسکیں گے یا ادھورے ہونگے۔
- اگر اچانک مدنی مشورہ رکھا تو تمام شرکاء کا حاضر ہونا بھی مشکل ہے۔
- جہاں پہلے جدول تھا اور ہم نہیں گئے، وہ بدگمانی کا شکار ہوسکتے ہیں۔
- جدول میں تبدیلی سے توجہ بٹ جاتی ہے۔

- بار بار جدول کی تبدیلی سے ہم سے ذمہ داران کا اعتماد اٹھ جائے گا اور ماتحت ذمہ داران بد ظن بھی ہو سکتے ہیں۔
- مدنی مرکز ہمارے جدول سے اپڈیٹ نہیں ہو سکے گا۔

## اپنے شعبے سے ہٹ کر دوسرے شعبے کا کام کرنا

مرکزی مجلس شوریٰ نے دعوت اسلامی کے تمام شعبہ جات میں دینی کام کرنے کے انداز بنام شعبہ جات کے مدنی پھول اور پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والی جاب ڈسکرپشن (تنظیمی ذمہ داریاں) عطا فرمائی ہیں۔ ہمارے پاس جس بھی شعبہ کی ذمہ داری ہے اس شعبے کے مدنی پھولوں اور جاب ڈسکرپشن کے مطابق دینی کام کریں۔

## اپنے شعبے سے ہٹ کر دوسرے شعبے کے کام کرنے کے نقصانات

- کسی شعبے کے اجیر ذمہ داران کو شرعاً بھی اس کی اجازت نہیں ہوتی۔ کہ وہ اوقات اجارہ میں طے شدہ کاموں کے علاوہ کوئی اور کام کرے۔
- جس کام کے لئے ہمیں ذمہ داری دی گئی ہے وہ کام ہی نہیں ہو رہا تو اس شعبے کو مطلوبہ فوائد حاصل نہیں ہوں گے اور شعبے کا تنظیمی نقصان ہو سکتا ہے۔
- مختلف شعبوں کے ذمہ داران کے آپس کے اختلافات کی صورت بھی ہو سکتی ہے۔
- ہمیں کسی دوسرے شعبے کا تجربہ نہ ہونے کی وجہ سے اس شعبے کا بھی تنظیمی نقصان ہو سکتا ہے۔

## کابینہ/شعبہ حاضری میں اعتدال

- جدول بناتے وقت اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ ہمارے تحت کابینہ / شعبہ میں سب جگہ یکساں حاضری ہو۔

## کابینہ/شعبہ حاضری میں اعتدال کے فوائد

- اعتدال کسی بھی کام میں ہو اس میں حسن پیدا کرتا ہے۔
- تمام زون/کابینہ/ شعبہ جات کی تنظیمی کیفیت ہمارے سامنے رہے گی۔
- جو مسائل ذمہ داران کے ذریعے حل ہونے ہوتے ہیں وہ پینڈنگ ہونے کے امکانات کم ہوں گے۔
- مستقل جدول بننے سے اس طرح کے فوائد مزید حاصل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً اسلامی بھائیوں کا فعال رہنا، دینی کاموں کو سنجیدگی سے لینا، ہماری جانب سے ملے ہوئے کام ترجیحی بنیادوں پر کرنا وغیرہ۔

## اکثر ایام ایک ہی مقام کا جدول بنانے کے نقصانات

- جن علاقوں/شہروں میں جدول نہیں بنتا ان میں دینی کام کمزور ہو جانے کا خدشہ ہے۔
- جہاں جدول کم ہو یا بالکل نہیں ہوگا تو وہاں کے ذمہ داران احساس کمتری کا شکار ہو سکتے ہیں۔
- جو مسائل ذمہ داران کے ذریعے حل ہونے ہوتے ہیں وہ پینڈنگ ہو سکتے ہیں۔
- جہاں جدول نہیں بنتا ہو سکتا ہے وہ ذمہ داران اپنے انداز سے ہی دینی کام کر رہے ہوں، جو کہ تنظیمی طور پر درست نہیں ہوتا۔
- مستقل جدول نہ بننے سے اس طرح کے مسائل ہو سکتے ہیں۔ مثلاً گروپنگ بننا، اسلامی بھائیوں کا سست ہو جانا، دینی کاموں کو سنجیدگی سے نہ لینا، نہ کرنے والے کاموں میں پڑ جانا، دینی کاموں میں عملی شرکت سے محروم ہو جانا وغیرہ۔

## وقت اجارہ میں ذاتی کام کرنا

- بعض ذمہ داران جدول پر روانہ ہوتے ہوئے وقت اجارہ میں اپنے ذاتی کام میں مصروف ہو جاتے ہونگے، مثلا گیس و بجلی کا بل جمع کروانا، بچے کو مدرسۃ المدینہ چھوڑنا یا لے آنا اور گھریلو خریداری، راستے میں کوئی چیز پسند آنے پر رک جانا، کھانے کے وقفے کے علاوہ کوئی چیز منگوالینا وغیرہ (ایچ آر ڈیپارٹمنٹ و متعلقہ نگران کی طرف سے اگر کسی موقع پر رخصت کی اجازت ملتی ہو تو الگ بات ہے مثلاً اجازت سے اتنا وقت بعد میں ایڈجسٹ کر سکتا ہے) (یہ مدنی پھول اجیر ذمہ داران کے لئے ہے)

## وقت اجارہ میں ذاتی کام کرنے کے نقصانات

- عرف سے ہٹ کر وقت اجارہ میں ذاتی کام کرنے کی شرعا بھی اجازت نہیں۔
- اگر وقت اجارہ میں ذاتی کام کیا تو اتنے وقت کی اجرت لینا جائز نہیں۔

**توجہ فرمائیں** :۔ تمام ذمہ داران امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ کے رسالہ **حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول** کا بار بار مطالعہ فرماتے رہیں۔

## جدول میں 12 دینی کام تحریر کرنا

- اپنے جدول میں شعبے کے دینی کاموں کے ساتھ ساتھ 12 دینی کام تحریر کرنے کی التجاء ہے۔ یہ دینی کام وقت اجارہ شروع ہونے سے قبل کیے ہوں یا بعد میں۔

## 12 دینی کام کرنے اور جدول میں تحریر کرنے کے فوائد

- کارکردگی جدول کا خلاصہ درست اور آپ کے کئے گئے دینی کاموں کے مطابق بنانے میں آسانی رہے گی۔
- 12 دینی کام کرنے سے دعوت اسلامی کا دینی کام بڑھے گا۔
- 12 دینی کاموں کی برکت سے دعوت اسلامی سے منسلک ہونے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔
- مسجدیں آباد ہوں گی اور گناہوں کے اڈے ویران ہوں گے۔
- 12 دینی کام کرنا ہر دعوت اسلامی والے کی ذمہ داری ہے اور اس کو کرنے کی ترغیب بھی دی جاتی ہے۔

## جدول میں 12 دینی کام شامل نہ کرنے کے نقصانات

- آپ کی 12 دینی کاموں کی کارکردگی سے مدنی مرکز اپ ڈیٹ نہیں ہوسکے گا۔

## پیشگی و عملی جدول جمع کروانا

- بعض ذمہ داران اپنا پیشگی اور عملی جدول جمع ہی نہیں کرواتے یا بروقت جمع نہیں کرواتے۔

## پیشگی و عملی جدول جمع نہ کروانے کے نقصانات

- ہماری کارکردگی سے مدنی مرکز اپ ڈیٹ نہیں ہوگا۔
- پیشگی جدول نہ بنانے سے ہمارے ماتحت اسلامی بھائی بدگمانی کا شکار ہوں گے۔
- عملی جدول جمع نہ کروانے سے نگران بھی بدگمانی کا شکار ہو سکتے ہیں۔
- مدنی مرکز کے طے شدہ طریق کار پر عمل نہیں ہوگا۔

**شعبہ جدول**

18 ذیقعدۃ الحرام 1442ھجری، 29 جون 2021ء

**پاکستان مشاورت آفس**